# PREMIUM TEXTILE MILLS LIMITED

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ پریمیم ٹیکسٹائل ملزلمیٹڈ (''کمپنی'') کا سالانہ اجلاس عام بمقام پہلی منزل حاجی آدم چیمبرز الطاف حسین روڈ نیو چالی کراچی اور بذریعہ ویڈیو لنک سہولت بروز منگل 28 اکتوبر 2025 دن 3:00 بجے منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور انجام دیئے جائیں گے:

## عمومی کارروائی:

1۔ 25 اکتوبر 2024 کو منعقد ہونے والی کمپنی کی سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی تصدیق کرنا

2۔ 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے ڈائریکٹرز کی رپورٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور کمپنی چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کے ساتھ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور اختیار کرنا۔

3۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کردہ 20%@(Rs.2.00/-) فی شیئر نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کو منظور کرنا۔

4۔ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے اگلے مالی سال کے لیے بیرونی آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کے لیے مشاہرہ مقرر کرنا۔ موجودہ آڈیٹرز، میسرز رحمان سرفراز رحیم اقبال رفیق چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، ریٹائر ہوئے ہیں اور اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کے لیے پیش کرتے ہیں۔

کراچی 6 اکتوبر 2025ء

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹر

حماداللہ خان

کمپنی سیکریٹری

## نوٹس:

i. کمپنی حصص منتقلی کی کتاب اکتوبر 21، 2025 تا اکتوبر 28، 2025 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی، جب حصص کی منتقلی کی رجسٹریشن قبول نہیں کی جائیگی۔ شیئر رجسٹرار کے آفس میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (SMC-Pvt) لمیٹڈ 17 فلور صائمہ ٹریڈ ٹاور۔ A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کو 20-10-2025 کو کاروبار کے اختتام پر موصول ہونے والے ٹرانسفر اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے اور ٹرانسفریز کے مندرجہ بالا استحقاق کے مقصد کیلئے بروقت تصور ہوں گے۔

ii. کمپنی کا ہر ممبر سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے وہ اپنی جگہ دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔

iii. پراکسیز اجلاس کے وقت سے 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونی چاہئیں۔

## QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی گردش:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223 اور SRO389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے مطابق، کمپنی نے شیئر ہولڈرز کی ایپ حاصل کی ہے۔ 25 اکتوبر 2023 کو منعقدہ کمپنی کی سالانہ جنرل میٹنگ میں کمپنی کی سالانہ رپورٹ کو QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ممبران تک پہنچانے کے لیے۔ سالانہ رپورٹ درج ذیل QR کوڈ کے ذریعے دستیاب ہے۔ ویب لنک https://www.premiumtextile.com/reports/

## اجلاس میں شرکت کے لیے:

- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اجلاس عام میں اراکین کی الیکٹرانک ذرائع سے شرکت کو یقینی بنانے کیلئے جاری کردہ وضاحت کی روشنی میں، کمپنی نے اپنے شیئر ہولڈرز کو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی سہولت بھی فراہم کی ہے۔ اراکین کو مندرجہ ذیل رہنما خطوط پر عمل کرنے کیلئے میٹنگ میں آن لائن شرکت کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔
- ویڈیو لنک کے انتظام کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں حصہ لینے کے لیے، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل جدول میں درج تفصیلات درج ذیل ای میل ایڈریس hammad@premiumtextile.com پر 25 اکتوبر 2025 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک (شام 5:00 بجے) بھیج کر خود کو رجسٹر کرلیں۔

| ممبر کا نام | مجاز نمائندہ (کارپوریٹ ممبر کی صورت میں) | CNIC نمبر/ NTN نمبر | CDC پارٹیسپنٹ ID / فولیو نمبر | سیل فون نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

- ویڈیو لنک رجسٹرڈ ممبرز/ پراکسیز کو ای میل کردی جائے گی جنہوں نے تمام درخواست کردہ معلومات فراہم کی ہوں گی۔
- انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اس کے ساتھ اس کا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ دکھا کر پارٹیسپنٹ ID نمبر اور اکاؤنٹ نمبر کی، اجلاس کے وقت شناخت کی تصدیق کروائے گا۔
- ایک کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز/ پاور آف اٹارنی کی ایک قرارداد پراکسی فارم کے ساتھ نامزد شخص کے دستخط کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے یا اجلاس کے وقت فراہم کی جا سکتی ہے۔

## پراکسیوں کی تقرری کے لیے:

- انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات CDC کے ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں مندرجہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔
- پراکسی فارم پر دو افراد گواہی دیں گے، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
- CNIC کی تصدیق شدہ کاپیاں یا بینیفیشل اونر کے پاسپورٹ اور پراکسی کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔
- پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔
- کارپوریٹ ادارے کے معاملے میں، بورڈ کا ریزولیوشن/ پاور آف اٹارنی نمونہ کے دستخط کے ساتھ کمپنی کو ایک پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا (جب تک یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

## بُک انٹری میں فزیکل شیئر سرٹیفکیٹ کی تبدیلی:

- کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 72 کی دفعات کے حوالے سے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے خط نمبر CSD/ED/MISC/2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں سے تقاضہ کیا کہ وہ اپنے جاری کردہ موجودہ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں بدل دیں۔ ریگولیٹری تقاضوں کی تعمیل میں، فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس رکھنے والی کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

## شیئر ہولڈرز کی لازمی رجسٹریشن کی تفصیل:

- کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 119 اور کمپنیز (جنرل پرووژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 19 کے مطابق، تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ موبائل/ ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ، کمپنی کے رجسٹرار کو فراہم کریں۔

## غیر دعوی شدہ/غیر ادا شدہ حصص اور منافع:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کی دفعات کے مطابق، کمپنی کی طرف سے جاری کردہ یا ڈیویڈنڈ کا اعلان کردہ کوئی بھی حصص، جو واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک غیر دعویدار یا غیر ادا شدہ رہتا ہے، کمپنی ایسے غیر دعویدار یا غیر ادا شدہ منافع کو وفاقی حکومت کے پاس جمع کروائے گی۔

## تحائف کی تقسیم کی ممانعت:

ایس آر او 452 مورخہ 17 مارچ 2025 کو مدِ نظر رکھتے ہوئے، جنرل میٹنگز میں کوئی تحائف تقسیم نہیں کیئے جائیں گے۔